# NHS آبادی کے مختلف طبقات کو کینسر اسکریننگ والی جانچوں کی ایک رینج پیش کرتا ہے

اسکریننگ یہ پتہ کرنے کا ایک طریقہ ہے کہ آیا لوگوں میں صحت کے مسائل پیدا ہونے کا زیادہ امکان ہے، تاکہ شروع میں ہی علاج پیش کیا جا سکے، یا باخبر فیصلے کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے معلومات دی جا سکیں۔

کینسر کی اسکریننگ اور علامت سے واقفیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:
**www.nhs.uk/conditions/nhs-screening**

## عنق رحم سے متعلق اسکریننگ

**عنقی** انگلینڈ میں 25 سے 64 سال کی عمر کے سروائیکس میں مبتلا خواتین اور مردوں کے لیے دستیاب ہے۔

دعوت نامے ہر 5 سال پر بھیجے جاتے ہیں الّا یہ کہ نتائج دکھاتے ہوں کہ مزید کثرت سے جانچیں درکار ہیں۔

GP کے پاس (بطور خاتون) رجسٹرڈ تمام اہل افراد کو NHS ایپ یا ڈاک کے ذریعے (اگر ان کے پاس ایپ نہ ہو تو) ان کی GP پریکٹس میں ایک پائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے ایک دعوت نامہ موصول ہوگا۔

مخنث مردوں (پیدائش کے وقت تفویض کردہ خاتون) اگر اپنے GP کے پاس بطور مرد رجسٹرڈ ہوں تو انہیں دعوت نامے موصول نہیں ہوں گے، لیکن اگر انہیں سروائیکس ہے تو وہ اب بھی اسکریننگ کے مستحق ہیں۔

## آنت کی اسکریننگ

**آنت کے کینسر کی اسکریننگ** 50 سے 74 سال کی عمر کے مردوں اور خواتین کو ہر 2 سال پر پیش کی جاتی ہے۔

74 سال سے زائد عمر کے افراد مفت ہیلپ لائن **0800 707 60 60** پر کال کر کے ہر 2 سال پر اسکریننگ کٹ کی گزارش کر سکتے ہیں۔

**آنت کے کینسر کی اسکریننگ** کے اہل افراد کو ایک دعوت نامہ، اسکریننگ اور اس کے امکانی فوائد اور خطرات کی وضاحت پر مشتمل ایک معلوماتی پرچہ بھی موصول ہوتا ہے۔

ایک ہفتے کے بعد انہیں فیکل امیونوکیمیکل ٹیسٹ (faecal immunochemical test, FIT) کٹ نیز گھر پر اس کے طریقہ استعمال سے متعلق ہدایات بھیجی جائیں گی۔

NHS

# NHS کے کینسر کے اسکریننگ کے پروگرام



کینسر کی اسکریننگ اور علات سے واقفیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **www.nhs.uk/conditions/nhs-screening**

## چھاتی کی اسکریننگ

خواتین اور اہل افراد کو، 50 سال سے لے کر اپنی 71 ویں یوم پیدائش تک، ہر 3 سال پر **چھاتی کی اسکریننگ** کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

اسکریننگ کے لیے پہلا دعوت نامہ 40 ویں اور 53 ویں ایام پیدائش کے بیچ کسی وقت بھیجا جاتا ہے۔

71 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کو **چھاتی کی اسکریننگ** کے دعوت نامے موصول نہیں ہوتے ہیں لیکن وہ اب بھی ہر 3 سال پر اسکریننگ کروا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو دعوت نامہ موصول نہیں ہوتا ہے تو **020 3758 2024** پر کال کر کے اپائنٹمنٹ کی درخواست کی جا سکتی ہے۔

**چھاتی کی اسکریننگ** ایکسرے (میموگرام) کلینک میں یا چھاتی کی اسکریننگ کی چلتی پھرتی یونٹ میں کیا جاتا ہے۔

## پھیپھڑے کی اسکریننگ

**پھیپھڑے کے کینسر کی اسکریننگ** 55 سے 74 سال کی عمر کے ان مردوں اور خواتین کو ہر 2 سال پر پیش کی جاتی ہے جو سگریٹ نوشی کرتے ہیں یا کرتے رہے ہیں۔

تمام اہل افراد کو ٹیلیفون اپائنٹمنٹ کی تاریخ اور وقت کے ساتھ ایک خط، نیز اسکریننگ اور اس کے فوائد اور خطرات کی وضاحت پر مشتمل ایک پرچہ موصول ہوگا۔

اس فون اپائنٹمنٹ کے دوران، آپ سے آپ کی صحت اور طرز زندگی کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔ پھر آپ کو ایک CT اسکین پیش کیا جا سکتا ہے۔ اسکین مقامی ہسپتال یا کلینک میں کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کو دعوت نامہ موصول نہیں ہوتا ہے تو **0800 652 9589** پر کال کر کے اپائنٹمنٹ بک کی جا سکتی ہے۔

نارتھ سینٹرل لندن کینسر الائنس (North Central London Cancer Alliance) کی طرف سے پیش کردہ۔